کیا انسیکٹس کو مارنا جائز ہے ؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا کسی ویلڈ ریزن (valid reason)کی وجہ سے انسیکٹ کو مارنا جائز ہے؟

سائل:وسیم -برمنگھم (انگلینڈ)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

جی ہاں!حصول نفع یا دفع ضرر کے لیے انہیں مارنا جائز ہے جیساکہ بدائع الصنائع میں ہے :"وَلَا بَأْسَ لَهُ بِقَتْلِ هَوَامِّ الْأَرْضِ مِنْ الْفَأْرَةِ، وَالْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ ... بَلْ مِنْ حَشَرَاتِ الْأَرْضِ"زمیں کے ضرر دینے والے جانوروں جیسے چوہا سانپ، بچھو، وغیرہ بلکہ تمام حشرات الارض کو مارنے میں کوئی حرج نہیں

(بدائع والصنائع ج**2** ص**196)**

اور بہارشریعت میں ہے:بچھو، سانپ، چوہا، گھونس، چھچوندر، کٹکھنا کتّا، پسُّو، مچھر، کلّی، کچھوا، کیکڑا، پتنگا، کاٹنے والی چیونٹی، مکھی، چھپکلی، بُر اور تمام حشرات الارض بِجو، لومڑی، گیدڑ جب کہ یہ درندے حملہ کریں یا جو درندے ایسے ہوں جن کی عادت اکثر ابتدائً حملہ کرنے کی ہوتی ہے جیسے شیر، چیتا، تیندوا، اِن سب کے مارنے میں کچھ نہیں۔

(بہارشریعت حصہ 6 ص 1183 مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 1-7-2018

Is it permissible to kill insects?

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: Is it permissible to kill insects for a valid reason?

Questioner: Waseem from Birmingham (England)

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Yes, it is permissible to kill them in order to gain benefit or remove harm. As it is stated in Badā'i' wa al-Sanā'i';

"وَلَا بَأْسَ لَهُ بِقَتْلِ هَوَامِّ الْأَرْضِ مِنْ الْفَأْرَةِ، وَالْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ **...** بَلْ مِنْ حَشَرَاتِ الْأَرْضِ**"**

"There is no harm in killing harmful land animals like rats, snakes, scorpions, etc. In fact, there is no harm in killing all earthly animals."

[Badā'i' wa al-Sanā'i', vol 2, pg 196]

It is mentioned in Bahār-e-Sharī'at that there is no problem in killing the following: Scorpions, snakes, rats, bandicoots, moles, biting dogs, fleas, mosquitos, leeches, turtles, crabs, moths, biting ants, flies, lizards, wasps as well as all land animals like badgers, foxes, and jackals. If these animals attack or those animals that have an attacking [i.e. predatory] nature like tigers, cheetahs and leopards.

[Bahār-e-Sharī'at, vol 1, part 6, pg 1183]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Hamza Hussain